


# داخلے کے طریق کار میں تبدیلیاں

## گھرانوں کے لیے معلومات

## کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟

کنڈرگارٹن (Kindergarten) سے ایئر 12 (Year 12) تک کے داخلوں کے طریق کار میں مندرجہ ذیل تبدیلیاں آئی ہیں اور یہ ٹرم 1، 2026 سے تمام پبلک سکولوں میں داخلوں کے لیے اطلاق پاتی ہیں۔

### نان لوکل داخلوں میں تبدیلیاں

2025 میں ہم نے بعض تعلیمی اور فلاحی ضروریات رکھنے والے طالبعلموں، سکول کے حالیہ طالبعلموں کے بہن بھائیوں اور سکول سٹاف کے بچوں کی نان لوکل داخلے کی درخواستوں کے لیے ترجیحی تقاضے متعارف کروائے تھے۔

2026 میں نان لوکل داخلوں کے لیے ترجیحی طالبعلموں میں یہ بھی شامل ہوں گے:

- ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر طالبعلم، تہذیبی و خاندانی رشتوں اور kinship connections کو تسلیم کرنے کی خاطر
- Kindergarten میں آنے والے وہ طالبعلم جو اسی NSW پبلک سکول کے ساتھ واقع پبلک پری سکول میں جاتے تھے

### ڈیفینس ممبرز کے بچوں کے لیے زیادہ لچک

داخلے کے طریق کار میں یہ یقینی بنانے کے لیے تبدیلیاں کی جا رہی ہیں کہ ڈیفینس ممبرز کے بچوں کے لیے والدین کے ٹرانسفر اور رہائش حاصل کرنے کے دور میں سکولوں میں داخلے کے تقاضوں میں زیادہ لچک مہیا ہو۔

### ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر kinship کو تسلیم کرنا

سکولوں کو ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر طالبعلموں کو داخل کرنے کے لیے زیادہ لچک مہیا ہو گی جس میں kinship connections، کلچرل سیفٹی (تہذیبی لحاظ سے موزوں خدمات)، ایبوریجنل زبانوں کے مطالعے اور Sorry Business جیسی تہذیبی ذمہ داریوں کے سبب داخلے بھی شامل ہیں۔

### زیادہ خطرے سے دوچار طالبعلموں کے لیے تسلسل

ضمانت پر رہا طالبعلموں اور یوتھ جسٹس سنٹرز اور حراست سے نکل کر سکولوں میں آنے والے طالبعلموں کے لیے بھی خاص رہنمائی شامل کی جا رہی ہے اور اس زمرے میں آنے والے طالبعلموں کے لوکل داخلوں کی درخواستوں پر 2 تعلیمی دنوں کے اندر کارروائی کی جائے گی۔

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

## کیا یہ تبدیلیاں میرے بچے کے لیے اطلاق پاتی ہیں؟

2026 میں NSW پبلک سکولز میں داخلے کے طریق کار میں آنے والی تبدیلیاں ان صورتوں میں آپ سے تعلق رکھتی ہیں کہ:

- آپ کا بچہ ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر ہو جس کے لیے kinship، زبان یا تہذیبی معاملات کا لحاظ رکھا جانا چاہیے
- آپ کا بچہ گھر سے باہر نگہداشت میں رہا ہے یا ضمانت پر ہے یا یوتھ جسٹس سنٹر یا حراست سے نکل کر سکول میں آ رہا ہے
- بچے کے والدین میں سے کوئی ایک ڈیفینس فورس میں خدمات انجام دیتا رہا ہے یا ابھی خدمات انجام دے رہا ہے اور آسٹریلین ڈیفینس فورس کے لیے اپنے فرائض منصبی ادا کرنے کی خاطر اس کا ٹرانسفر ہو رہا ہے۔

## کیا ہر سکول کے لیے ان تبدیلیوں کو لاگو کرنا لازمی ہو گا؟

سکول میں داخلوں کی گنجائش پر منحصر، سکولوں کے لیے ٹرم 1، 2026 سے طالبعلموں کے نان لوکل داخلوں کے لیے ان تبدیلیوں کا اطلاق کرنا لازمی ہے۔

نان لوکل داخلوں کے طریق کار میں تبدیلیوں سے سپیشلسٹ ماحولوں یا پروگرامز جیسے مکمل سیلیکٹیو سکولز، خاص مقاصد کے لیے سکولوں (schools for specific purposes (SSPs))، فاصلاتی تعلیم کے سکولوں اور اہلیت کے مخصوص تقاضوں کے تحت کلاسز یا پروگرامز رکھنے والے سکولوں کے لیے (جیسے اپرچیونٹی کلاسز، سپیشلسٹ سپورٹس اور/یا تخلیقی آرٹس یا پرفارمنگ آرٹس کی تعلیم کے سلسلے میں) اہلیت کے تقاضوں پر اثر نہیں پڑے گا۔ یہ سکول اپنے طریق کار، اہلیت کے تقاضوں اور اسیسمنٹس کے تحت ہیں اور اپنے داخلوں کے موجودہ طریق کار جاری رکھیں گے۔

صرف ایک صنف کے لیے سکول ان تبدیلیوں کا اطلاق کرنے کے پابند ہیں، بشرطیکہ داخلہ لینے والا بچہ سکول کے اُس صنف کے لیے اہلیت کے تقاضوں پر پورا اترتا ہو۔ متعلقہ سکول سے رابطہ کر کے پوچھیں کہ ان تبدیلیوں کا اطلاق کیسے ہوتا ہے۔

## اگر میرا بچہ نئے تقاضوں پر پورا اترتا ہو تو کیا نان لوکل داخلے کے لیے میری درخواست خود بخود منظور ہو جائے گی؟

ان تبدیلیوں سے آپ کے بچے کو نان لوکل پبلک سکول میں داخلہ مل جانے کی ضمانت نہیں ملتی۔ جن سکولوں میں نان لوکل اور لوکل داخلوں کی گنجائش موجود ہو، وہ آپ کی درخواست پر غور کریں گے۔ جن سکولوں میں نان لوکل داخلوں کی گنجائش محدود ہو، وہ مندرجہ ذیل طالبعلموں کے نان لوکل داخلوں کو ترجیح دیں گے:

- تعلیمی اور فلاحی ضروریات رکھنے والے وہ طالبعلم جنہیں معقول ایڈجسٹمنٹس اور/یا اضافی تعلیمی مدد کی ضرورت ہو، جن میں یہ شامل ہیں
  - ایبوریجنل اور/یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر طالبعلم جن کے لیے تہذیبی معاملات اور/یا خاندانی رشتوں اور kinship connections اور رشتوں کا لحاظ رکھنا اہم ہو
  - معذوری
  - نشوونما کے لحاظ سے عمر
  - ٹراما (صدمات)
  - چائلڈ پروٹیکشن کے حوالے سے تشویش
  - طبی اور انفرادی ضروریات اور حالات
- اِس وقت سکول میں پڑھنے والے طالبعلموں کے بہن بھائی جبکہ سپّورٹ یونٹس کے طالبعلموں کے بہن بھائیوں کو فوقیت دی جاتی ہے
- Kindergarten میں آنے والے وہ طالبعلم جو اسی پبلک سکول کے ساتھ واقع پبلک پری سکول میں داخل رہ چکے ہیں

## مزید معلومات کے لیے متعلقہ سکول سے رابطہ کریں۔

کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ اب سے صرف انہی طالبعلموں کو قبول کیا جائے گا جو نان لوکل داخلوں کے ترجیحی تقاضے پورے کرتے ہیں؟

نہیں، والدین کو دعوت ہے کہ اپنے بچے کو کسی بھی پبلک سکول میں داخل کرنے کی درخواست دیں ، اگر بچہ اس سکول میں پڑھنے کے لیے اہل ہو اور سکول دستیاب گنجائش کے اندر رہتے ہوئے اس بچے کو داخلہ دے سکتا ہو۔ ان تمام سکولوں کو، جہاں نان لوکل داخلوں کی گنجائش محدود ہے، درخواستوں کی ترجیح طے کرنے اور ان پر غور کے لیے نئے نان لوکل داخلوں کے تقاضوں  کی تعمیل کرنی ہو گی۔

## پچھلی بار میری نان لوکل درخواست پر انکار ہو گیا تھا مگر اب میرا بچہ نئے تقاضوں پر پورا اترتا ہے۔ کیا ہم دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں؟

ہاں۔ اگر آپ نے 2026 میں اپنے بچے کو نان لوکل سکول میں بھیجنے کے لیے درخواست دی تھی اور درخواست پر انکار ہو گیا تھا، اور آپ کا بچہ نان لوکل داخلوں کے نئے تقاضوں پر پورا اترتا ہے تو آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔ براہ مہربانی نیچے سیکشن "میں ایک سکول میں داخلہ کروانے کے بعد اپنے بچے کا سکول کیسے بدلوں؟" میں بتائے گئے مراحل پورے کریں۔

## میں نے Year 6 سے Year 7 میں جانے کے لیے اظہار دلچسپی ((Expression of Interest (EOI)) جمع کروایا تھا۔ کیا میں ایک سکول میں اپنے بچے کو داخل کروانے کے بعد سکول بدل سکتا/سکتی ہوں؟

ہاں۔ اگر آپ کا بچہ نان لوکل داخلوں کے نئے تقاضوں پر پورا اترتا ہے تو آپ اپنے ترجیحی نان لوکل سکول میں نئی درخواست دے سکتے ہیں چاہے آپ پہلے ہی Year 6 سے Year 7 میں جانے کے لیے EOI دے چکے ہوں۔ براہ مہربانی نیچے سیکشن "میں ایک سکول میں داخلہ کروانے کے بعد اپنے بچے کا سکول کیسے بدلوں؟" میں بتائے گئے مراحل پورے کریں۔

## میں ایک سکول میں داخلہ کروانے کے بعد اپنے بچے کا سکول کیسے بدلوں؟"

جو والدین اور کیئررز اپنے بچے کو کسی نان لوکل سکول میں داخل کروانا چاہتے ہوں، انہیں سکول بدلنے کے لیے مندرجہ ذیل مراحل پورے کرنے ہوں گے:

**آن لائن داخلہ درخواست**

1. اس پبلک سکول کی ویب سائیٹ پر جائیں جہاں آپ داخلے کی درخواست دینا چاہتے ہیں، پھر مینو آپشنز میں انرولمنٹ (enrolment) پر کلک کریں۔
2. انرولمنٹ ویب پیج پر 'انرولمنٹ کا طریقہ' (how to enrol)  عنوان کے نیچے آن لائن داخلہ درخواست (online enrolment application) کے لنک پر کلک کریں۔
3. داخلے کی درخواست بھیجنے کے بعد ہو سکتا ہے کہ سکول آپ کو داخلے کی پیشکش دے جسے آپ کو 14 دنوں کے اندر قبول کرنا ہو گا۔
4. اگر آپ کی داخلے کی درخواست منظور ہو جائے تو اس سکول سے رابطہ کریں جہاں آپ کا بچہ پہلے داخل تھا اور وہ داخلہ منسوخ کر دیں۔

**کاغذ کے فارم پر درخواست**

1. مطلوبہ نان لوکل پبلک سکول سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ کیا سکول میں آپ کے بچے کے لیے گنجائش ہے۔
2. اگر سکول میں آپ کے بچے کے لیے گنجائش ہو تو براہ مہربانی کاغذ کے فارم پر نئی درخواست بھریں۔ آپ یہ فارم سکول سے لے سکتے ہیں۔
3. آپ کے داخلے کی درخواست بھیجنے کے بعد ہو سکتا ہے کہ سکول آپ کو داخلے کی پیشکش دے جسے آپ کو 14 دنوں کے اندر قبول کرنا ہو گا۔
4. اگر آپ کی داخلہ درخواست منظور ہو جائے تو اس سکول سے رابطہ کریں جہاں آپ کا بچہ پہلے داخل تھا اور وہ داخلہ منسوخ کر دیں۔

## اگر میرا کوئی مستقل پتہ نہ ہو یا اگر مطلوبہ شناختی دستاویزات نہ ہوں تو؟

بعض حالات میں طالبعلم کو پتے کے ثبوت کے بغیر داخلہ مل سکتا ہے۔ ان حالات میں تہذیبی معاملات کا لحاظ، ڈیفینس ممبرز کے بچے ہونا اور گھر سے باہر نگہداشت میں یا ضمانت پر یا یوتھ جسٹس سنٹرز اور حراست سے نکل کر سکولوں میں آنے والے بچے یا نوجوان ہونا شامل ہے تاہم یہ صرف انہی حالات تک محدود نہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی صورتحال ایسی ہے تو براہ مہربانی متعلقہ سکول سے رابطہ کریں۔

## کیا 2025 کی داخلہ پالیسی اور طریق کار میں تبدیلیاں اب بھی اطلاق پاتی ہیں؟

ہاں۔ 2025 میں متعارف کروائی گئی تبدیلیاں 2026 کے داخلوں کے لیے بھی اطلاق پائیں گی۔ ان میں یہ شامل ہیں:

- عارضی رہائشی ویزا رکھنے والے تمام طالبعلم اپنے رہائشی پتے کی بنیاد پر اپنے لوکل پبلک سکول میں داخلہ لے سکتے ہیں۔
- اِس وقت پبلک سکول میں داخل طالبعلموں کے بہن بھائیوں کے نان لوکل داخلوں کو ترجیح دی جاتی ہے تاہم اہل مین سٹریم (سب بچوں کے لیے) سکولوں میں سپّورٹ کلاسز کے طالبعلموں کے بہن بھائیوں کو ان میں بھی فوقیت حاصل ہے۔
- سکول سٹاف کے بچوں کے پبلک سکول میں نان لوکل داخلے پر غور کیا جا سکتا ہے۔

ان تبدیلیوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے یا یہ جاننے کے لیے کہ کیا یہ آپ کے بچے کے لیے اطلاق پاتی ہیں، متعلقہ سکول سے رابطہ کریں۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

**داخلوں کے متعلق سوالات کے لیے اپنے ترجیحی سکول سے بات کریں۔ اپنے سکول کی رابطہ تفصیلات یہاں دیکھیں:**
**education.nsw.gov.au/find-a-public-school**

**NSW گورنمنٹ سکول میں داخلے کا طریقہ جاننے کے لیے دیکھیں:**
**education.nsw.gov.au/enrolment**

**آسٹریلیا کے عارضی رہائشی افراد کے NSW گورنمنٹ سکول میں داخلے کا طریقہ جاننے کے لیے دیکھیں:**
**deinternational.nsw.edu.au/**

**داخلوں کے متعلق عمومی سوالات کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ہیڈ آفس سے رابطہ کریں: 1300 679 332**

**ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس**

اگر آپ کو سکول یا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر کو کال میں شامل کر لے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔